
# 24 زندگی کا جال

پیڑ پودے




سانپ




گلہری






پانی



سورج




گھاس



© NCERT not to be republished

اب تک تم نے تقریباً یہ پوری کتاب پڑھ لی ہے۔تم نے پیڑ–پودے، جانور، پانی، گھر، سواریاں اور جانور اور بھی کئی چیزوں کے بارے میں پڑھا اور سوچا۔




© NCERT not to be republished

کیا تم بتا سکتے ہو کہ ہم نے ان چیزوں کے بارے میں کچھ جاننے اور سوچنے کی کوشش کیوں کی؟




* تصویر میں دکھائی گئی چیزوں سے ہمارا کیا رشتہ ہے؟ چلو معلوم کرتے ہیں۔
* سب سے پہلے دی گئی خالی جگہ میں اپنی تصویر بناؤ۔
* اب اپنی تصویر سے ایک لکیر کھینچ کر ان چیزوں سے جوڑو جو تمہیں اپنے زندہ رہنے کے لئے بہت ضروری لگتی ہیں۔
* کیا تم نے خود کو 'گھر' سے جوڑا ہے؟
* دیکھیں، گھر کن کن چیزوں سے جڑتا ہے۔ پہلے سوچو۔ گھر کن چیزوں سے بنتا ہے؟
  - لکڑی — جو پیڑ سے ملتی ہے
  - اینٹ — جو پانی اور مٹی سے بنتی ہے۔
  - مٹی — ہمیں زمین سے ملتی ہے، اور
  - پانی — ہمیں ندی، تالاب، کنوئیں یا بارش سے ملتا ہے۔

تم سمجھ گئے نا، گھر کو کن تصویروں یا الفاظ سے جوڑنا ہے۔

اب اسی طرح ایک ایک کر کے سبھی چیزوں کو دوسری چیزوں سے جوڑو۔ یہ سب کرنے میں ہوسکتا ہے تمہیں کچھ اور چیزوں کے نام لکھنے کی ضرورت پڑے۔ ان کو لکھو۔

اتنا سب کرنے پر کیا بنا؟ بن گیا نہ ایک بڑا سا جال! یہ جال دیکھ کر تم کیا سمجھے؟



تم نے جو جال بنایا ہے اس کو اپنے دوستوں کو دکھاؤ اور ان کا بنایا ہوا جال بھی دیکھو۔ کیا سب ایک جیسے ہیں؟ ساتھیوں کے ساتھ اس بات پر گفتگو کرو۔

بچوں کے ذریعہ بنایا ہوا جال ان کے اردگرد ملنے والی چیزوں کے باہمی انحصار کی اہمیت کو سمجھنے کو ظاہر کرتا ہے۔ کلاس میں اس کے بارے میں گفتگو کرنے سے اُنہیں جال بنانے میں مدد ملے گی۔

© NCERT not to be republished